سرخیاں

(۱) مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن نے کہا ہے کہ مناسب اور بروقت پالیسی فیصلوں اور معاشی سدھار سے ہندوستان کو کووڈ بحران پر قابو پانے میں مدد ملی ہے۔

(۲) حیدرآباد کی ایک عدالت نے فون ٹیپنگ اور ثبوت مٹانے کے معاملہ میں تلنگانہ کے دو پولیس عہدیداروں کو 14 دن کے لئے عدالتی حراست میں دے دیا۔

(۳) مرکز نے پیاز کی برآمد پر پابندی تاحکم ثانی بڑھادی ہے۔

اور

(۴) کرشنا ریور مینجمنٹ بورڈ نے ناگرجنا ساگر پراجکٹ پر مرمت اور سالانہ دیکھ بھال کے کام پورے کرنے کے لئے 15 جون کی ڈیڈ لائن مقرر کی ہے۔

☆☆☆

24 مارچ وہ دن ہے جب ٹی بی پیدا کرنے والے بیکٹریا کو سب سے پہلے دریافت کیا گیا تھا۔ ہر سال یہ دن ٹی بی کے دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ جس کا مقصد ٹی بی کے تعلق سے اور اس کی روکتھام کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ ٹی بی ایک بیکٹریا Mycobacterium ٹیوبرکلوسس سے پیدا ہوتا ہے اور اس سے سب سے زیادہ پھیپھڑے متاثر ہوتے ہیں۔ ٹی بی جسم کے دوسرے حصوں جیسے گردوں، ریڑ کی ہڈی اور دماغ کو بھی متاثر کرسکتا ہے۔ کمزور مدافعتی نظام، ذیابطیس، غذا کی کمی اور تمباکو کا استعمال بھی ٹی بی کی بیماری کا جوکھم بڑھاتے ہیں۔ اس دوران بھارت بائیوٹیک انٹرنیشنل لمیٹڈ نے کہا ہے کہ اس نے ہندوستان میں بالغ لوگوں کے لئے ٹی بی ویکسین Mtbvac کے آزمائشی تجربات شروع کردئے ہیں۔ یہ اسپین کی ایک بائیوفارماسیوٹیکل کمپنی بائیوفیبری کی طرف سے انسانی ذریعہ سے ٹی بی کے خلاف حاصل کردہ پہلی ویکسین ہے۔ بھارت بائیوٹیک نے ایک صحافتی اعلامیہ میں یہ بات بتائی۔ کمپنی نے کہا کہ یہ تجربے بائیوفیبری کے تعاون سے بھارت بائیوٹیک کررہی ہے۔

☆☆☆

مرکز نے پیاز کی برآمد پر پابندی تاحکم ثانی بڑھادی ہے۔ یہ فیصلہ ملک میں دستیابی کو بڑھانے اور پیاز کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے کے لئے کیا گیا ہے۔ ڈائرکٹریٹ جنرل آف فارن ٹریڈ نے ایک اعلامیہ میں کہا کہ پیاز کی برآمد پر 31 مارچ 2024ء تک پابندی تھی اور اب اسے اگلے حکم تک مزید بڑھایا گیا ہے۔ پچھلے سال حکومت نے پیاز کی برآمد پر پابندی لگائی تھی۔

☆☆☆

قادر علی بیگ تھیٹر فاؤنڈیشن اور قادر علی بیگ تھیٹر فیسٹول کی صدر نشین بیگم رضیہ بیگ کا آج صبح مرادنگر حیدرآباد میں واقع ان کی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ آج رات بعد نماز عشاء ان کی رہائش گاہ پر ادا کی جائے گی اور تدفین فرسٹ لانسر قبرستان میں عمل میں آئے گی۔ وہ حیدرآباد میں تھیٹر کے احیاء کے لئے جانی جاتی ہیں۔ تھیٹر سے جڑی کئی شخصیات اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے ان کے فرزند پدم شری محمد علی بیگ اور دوسری ارکانِ خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ میں اگلے پانچ دن تک زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت دو سے تین ڈگری بڑھنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے آج یہ بات بتائی۔موسم سے متعلق روزانہ دی جانے والی رپورٹ میں کہا گیا کہ ریاست میں اگلے سات دن تک موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ پچھلے 24 گھنٹوں میں تلنگانہ میں ایک دوجگہوں پر بارش ہوئی۔سب سے زیادہ 39 ڈگری سلسیس درجہ حرارت کل عادل آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆

کانگریس پارٹی اپریل کے پہلے ہفتہ میں شہر کے مضافات میں واقع تکوگوڑہ میں ایک بڑے جلسہ عام کے ساتھ حیدرآباد سے پارلیمنٹ کے انتخابات کے لئے اپنی مہم شروع کرے گی۔کانگریس لیڈر راہول گاندھی اوراے آئی سی سی صدر ملکارجن کھرگے جلسہ عام میں کانگریس کے منشور کا تلگو ترجمہ جاری کریں گے۔انتخابی شیڈول کے اعلان کے بعد یہ پہلا جلسہ عام ہوگا۔پارٹی بڑے پیمانے پر اِس جلسہ کا اہتمام کررہی ہے۔کیونکہ پورے ملک کی نظریں اس پرلگی ہوئی ہیں۔پارٹی ذرائع نے بتایا کہ کئی سینئراے آئی سی سی قائدین توقع ہے کہ اِس جلسہ میں شرکت کریں گے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر اور ریاستی بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے مطالبہ کیا ہے کہ بی آرایس کے سربراہ اور سابق چیف منسٹر چندر شیکھرراوٗ بتائیں کہ وہ کیوں دہلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری کو کالا دن قرار دے رہے ہیں لیکن دہلی شراب اسکام کے سلسلہ میں اپنی بیٹی اور بی آرایس ایم ایل سی کویتا کی گرفتاری پر خاموش ہیں۔کشن ریڈی نے کہا کہ چندر شیکھرراوٗ کا ردِعمل الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے جیسا ہے۔انہوں کہا کہ بی آرایس کے سربراہ نے بی آرایس ارکان پارلیمنٹ کے ذریعہ الزام لگایا کہ بی جے پی اور مرکز کجریوال کو گرفتار کرتے ہوئے سیاسی انتقام لے رہے ہیں۔انہوں نے کویتا کی گرفتاری کو اس معاملہ سے جوڑا ہے اور عوام کو گمراہ کرتے ہوئے ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔مرکزی وزیر نے کہا کہ شراب اسکام کا تلنگانہ اور تلنگانہ کے جذبات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔دہلی حکومت کے عہدیداروں کی طرف سے اسکام کے بارے میں رپورٹ کے بعد تحقیقات کی گئی۔

☆☆☆

مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن نے کہا ہے کہ مناسب اور بروقت پالیسی فیصلوں اور معاشی سدھار سے ہندوستان کو کووڈ بحران پر قابو پانے میں مدد ملی۔بنگلوروں میں آج تھنکرس فورم کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج عالمی برادری نے وباء کے دوران ہندوستان کے رول اور تیز رفتار معیشت کو تسلیم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ 2020ء اور 2022ء کے درمیان کووڈ اور اس کے بعد روس۔یوکرین جنگ کی وجہ سے دنیا بھر میں معاشی بحران پیدا ہوا۔اناج، فیول اور کھاد کی قیمتیں بڑھ گئی اور آمدنی کم ہوئی۔انہوں نے کہا کہ معیشت کساد بازاری کی طرف بڑھ رہی تھی، لیکن اس وقت ہندوستان نے غریبوں کو اناج پہنچایا، اوسط اور چھوٹی صنعتوں کی مدد کی۔عورتوں اور بزرگ شہریوں کو سہارا دیا۔ویکسین فراہم کئے گئے۔معاشی اصلاحات سے نظام کو شفاف بنایا گیا اور کاروبار میں سہولت پیدا کی گئی۔وزیر فینانس نے کہا کہ کووڈ بحران سے ابھرنے کے لئے ہندوستان کے فارمولہ کو آج دنیا بھر میں تسلیم کیا جارہا ہے۔

☆☆☆

کرشنا ریور مینجمنٹ بورڈ نے ناگر جنا ساگر پراجکٹ پر مرمت اور دیکھ بھال کے سالانہ کام پورے کرنے کے لئے 15 جون کی ڈیڈ لائن مقرر کی ہے۔ اس پراجکٹ کی نگرانی اور سیکوریٹی کی نگرانی سی آر پی ایف کو دی گئی ہے۔ اس لئے کام پر عمل کرنے والی ایجنسیوں اور آبپاشی عہدیداروں کو پچھلے چار مہینہ سے ڈیم کے مقام پر محدود رسائی حاصل ہے۔ یہ پراجکٹ پچھلے دس سال سے تلنگانہ کے کنٹرول میں ہے اور دیکھ بھال کے کام بھی کئی برسوں سے تلنگانہ ہی کررہا ہے۔ لیکن ڈیم کے ایک حصہ پر آندھراپردیش کا قبضہ ہے اور وہ بعض جگہوں پر اپنے طور پر دیکھ بھال کے کام کرنا چاہتا ہے۔ اسی وجہ سے ڈیم پر سی آر پی ایف کو تعینات کیا گیا تھا۔

☆☆☆

شہر کی ایک عدالت نے آج تلنگانہ پولیس کے دو عہدیداروں کو فون ٹیپنگ اور ثبوت مٹانے کے معاملہ میں 14 دن کی عدالتی حراست میں دے دیا۔ ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس بھوپالا پلی ضلع این بھوجنگ راؤ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آف پولیس حیدرآباد سٹی سیکوریٹی ونگ تروپاتھنا کو کوم پلی میں ایک مجسٹریٹ کے مقام پر پیش کیا گیا۔ دونوں طرف کی دلیلیں سننے کے بعد مجسٹریٹ نے دو عہدیداروں کو 6 اپریل تک  عدالتی تحویل میں دیدیا۔ بعد میں انہیں چنچل گوڑہ سنٹرل جیل بھیج دیا گیا۔ دونوں عہدیداروں کے خلاف تعزراتِ ہند کی دفعہ 409 یعنی سرکاری ملازم کے ذریعہ مجرمانہ اعتماد شکنی اور انفارمیشن ٹکنالوجی قانون کی دفعہ 70 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ ان عہدیداروں نے ماضی میں اسپیشل انٹلیجنس بیورو میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کی حیثیت سے کام کیا تھا۔ انہیں کل رات گرفتار کیا گیا۔ خصوصی تحقیقاتی ٹیم ایس آئی ٹی نے ان الزامات کی چھان بین تیز کردی ہے کہ انہوں نے سابقہ بی آر ایس حکومت کی ہدایت پر اپوزیشن لیڈرس کے فون ٹیپ کئے تھے۔ اس دوران پولیس نے ایس آئی بی کے ڈی ایس پی، ڈی پرنیت راؤ کے بیان کی بنیاد پر انہیں معطل کیا اور گرفتار کیا۔

☆☆☆

آنے والے لوک سبھا چناؤ کے مدنظر پولیس نے حیدرآباد میں تاریخی چارمینار کے قریب فلیگ مارچ کیا۔ پولیس نے بتایا کہ سی آر پی ایف کی مہیلا پلاٹون نے بھی فلیگ مارچ میں حصہ لیا۔ فلیگ مارچ شاہ علی بنڈی سے شروع ہوا اور لاڑ بازار میں ختم ہوا۔ پولیس نے بتایا کہ نظم وقانون کے مسائل پیدا کرنے والوں اور مجرمانہ سرگرمیوں میں شامل لوگوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے غیر سماجی سرگرمیوں جیب کترنے جیسی سرگرمیوں میں شامل لوگوں کو خبردار کیا کہ ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔